سٹیو ٹرنر

کلیولینڈ پولیس اور کرائم کمیشنر

پولیسنگ اور کمیونٹی کی حفاظت

کے لیے میرا 10 نکاتی منصوبہ

آپ کے پولیس اور کرائم کمشنر کی حیثیت سے، مجھے کلیولینڈ کو ان لوگوں کے لیے ایک محفوظ جگہ بنانے کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنے کی ضرورت ہے جو یہاں رہتے ہیں، کام کرتے ہیں اور یہاں آتے جاتے ہیں۔ میرا 10 نکاتی منصوبہ - جو جرائم اور کمیونٹی تحفظ کے ماہرین کے تعاون سے بنایا گیا ہے - اگلے تین سالوں کے لیے میرے وژن یعنی تصوراتی ارادوں کا تعین کرتا ہے۔

مجرموں کو انصاف کے کٹھرے میں لانا

مجرموں کے لیے ان کے رویے کے لیے جوابدہ ہونے کے مواقع کو بڑھانا جس میں دوبارہ جرم کو روکنے پر توجہ دی جائے۔

منشیات اور گینگ کے حوالے سے سختی اختیار کرنا

منشیات اور گینگ کے حوالے سے ایک جامع نقطہ نظر کو متعارف کروانا جس میں روک تھام، ابتدائی اور خصوصی طور پر مرکوز مداخلت شامل ہیں۔

غیر سماجی رویے سے نمٹنا

اشتراکی اقدامات اور نوجوانوں کے ساتھ رابطوں کے ذریعے غیر سماجی رویے پر پختہ موقف اختیار کرنا۔

فوجداری انصاف کا موثر نظام

عوامی اعتماد کو بڑھانے کے لیے کلیولینڈ پولیس اور وسیع تر کرمنل جسٹس (فوجدادی انصاف) ایجنسیوں کے ساتھ تعاون کرنا اور ان کا احتساب کرنا۔

POLICE AND CRIME COMMISSIONER FOR CLEVELAND

ٹیلی فون: 01642 301213

ای میل: pcc@cleveland.pnn.police.uk

ویب سائٹ: www.cleveland.pcc.police.uk

سنگین تشدد کی روک تھام، اس میں کمی اور اس سے نمٹنا

کلیولینڈ پولیس اور کمیونٹی سیفٹی پارٹنرشپس کے ساتھ مل کر سنگین تشدد کے خلاف حکمت عملی تیار کرنا۔

ہماری سڑکوں پر مزید پولیس لانا

فرنٹ لائن کمیونٹی کی جوابی خدمات کی بہتری کے لیئے سرمایہ کاری کرنا۔

خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد سے نمٹنا

مقامی خدمات کے ساتھ شراکت داری میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرنا کہ خواتین محسوس کریں کہ وُہ محفوظ ہیں اور ان کو مدد دستیاب ہے۔

ہماری کمیونٹیز میں اعتماد پیدا کرنا

اس امر کو یقینی بنانا کہ کلیولینڈ پولیس ایک اعلیٰ معیار کی خدمت فراہم کرے، جو ہمارے پورے مقامی علاقے میں پولیس کے لیے فخر اور تعاون کو فروغ دے۔

متاثرین اور گواہوں کے لیے مؤثر معیار کی معاونت

ماہرانہ امدادی خدمات کی دستیابی کے ذریعے متاثرین اور گواہوں کو مدد فراہم کرنا۔

جرائم سے نمٹنے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں

ٹکنالوجی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں، اور عملے کے لیئے بہتر طریقے اور اضافی مدد کے مواقع پیدا کریں۔

یہ منصوبہ کلیولینڈ کے لیے میری حکمت عملی کے چار اہداف کو پورا کرنے میں مدد کرے گا:

- کلیولینڈ پولیس میں عوامی اعتماد دوبارہ بحال کرنا تاکہ وُہ اُن پر دوبارہ فخر کریں۔
- جرائم، اور خاص طور پر سنگین تشدد کے جرائم کو کم کرنے کے لیے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنا۔
- ٹیکنالوجی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرنا جو افادیت پیدا کرتی ہے اور اجتماعی کارکردگی میں مدد گار ہوتی ہے۔
- متاثرین اور انتہائی کمزور افراد کو اعلیٰ معیار کی خدمات فراہم کرنا جو ان کی ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا کرتی ہوں۔

مکمل منصوبہ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے سکین کریں!

POLICE AND CRIME COMMISSIONER FOR CLEVELAND